## 98621 ـ سکول سے باہر ٹیوشن پڑھانا

**سوال**

میں مدرس ہوں اور لوگوں کو سکول سے فارغ اوقات میں کئی ایك مضامین کے اسباق پوری مہارت کے ساتھ پڑھاتا ہوں، تو کیا یہ حلال ہے یا حرام ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

آپ جو مضامین پڑھاتے ہیں اس میں ماہر ہیں اور طلباء کو علم ہے کہ آپ ان مضامین میں سپیشلسٹ نہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر آپ اسے اچھی طرح نہیں پڑھا سکتے، یا آپ یہ باور کراتے ہیں کہ ان مضامین میں آپ سپیشلسٹ ہیں تو پھر جائز نہیں؛ کیونکہ اس میں انہیں دھوکہ دیا جا رہا ہے، طالب علم اپنا مضمون کسی ماہر اور سپیشلسٹ استاد سے شروع کرنا چاہتا ہے، اور اسی بنا پر اس سے معمامالات شروع کرتا ہے اس لیے طلبا کو حقیقت حال کا بتانا ضروری ہے، تا کہ وہ اندھیرے میں نہ رہے بلکہ وہ بصیرت کے ساتھ یہ کام کرے، اور نہ ہی اسے اس کام میں کوئی دھوکہ ہو.

امام مسلم رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے کہ:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جس نے بھی دھوکہ دیا وہ ہم میں سے نہیں "

صحیح مسلم حدیث نمبر ( 101 ).

واللہ اعلم .